بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

# اسلامیات

## جماعت اوّل

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق تیار کردہ اور قومی نظرثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بحق پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

منظور شدہ متحدہ علما بورڈ، پنجاب، لاہور [بمطابق مراسلہ نمبر: ایم یو بی (پی سی ٹی بی/4/درسی کتب) 880/2021 مورخہ 15-02-2022]

تمام مکاتبِ فکر کے علما کرام پر مشتمل، اتحادِ تنظیماتِ مدارس پاکستان (ITMP) کی مجوزہ کمیٹی کو وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت (MoFE&PT)، اسلام آباد نے مورخہ 20 اپریل 2017ء کو بمطابق مراسلہ نمبر 3(8)/2015/E-III نوٹی فائی کیا۔ اس کمیٹی نے ''دی علم فاؤنڈیشن، کراچی'' کے مرتب کردہ قرآنِ مجید کے ترجمے پر مکمل اتفاق کیا، جسے اس درسی کتاب میں استعمال کیا گیا ہے۔

# فہرست

| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **بابِ اوّل: قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** | |
| الف | حفظِ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ و ترجمہ | 3 |
| ج | حدیثِ نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | 7 |
| د | دعائیں (زبانی) | 8 |
| | **بابِ دُوم: ایمانیات و عبادات** | |
| | (ا) ایمانیات | |
| 1 | توحید کا تعارف | 9 |
| 2 | نُبوّت و رسالت | 13 |
| | (ب) عبادات | |
| 1 | مسجد | 16 |
| 2 | اذان | 19 |
| 3 | نماز | 21 |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **بابِ سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ** | |
| 1 | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | 24 |
| 2 | حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اَخلاقِ حسنہ | 28 |
| | **بابِ چہارم: اَخلاق و آداب** | |
| 1 | اچھّے اخلاق | 31 |
| 2 | سلام کرنا | 34 |
| | **بابِ پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام** | |
| 1 | انبیائے کرام علیھم السّلام کا تعارف | 38 |
| | فرہنگ | 41 |



زیرِ نگرانی: محمد رفیق طاہر، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

فوکل پرسن پنجاب برائے یکساں قومی نصاب: عامر ریاض، ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ کمپلائنس) پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی، لاہور

مصنّف: معظم ادریس

ڈیسک آفیسر: منصورہ ابراہیم (قومی نصاب کونسل)

تکنیکی معاونت: نگہت لون، اسفند یار خان

اراکین قومی جائزہ کمیٹی

- ڈاکٹر فخر الزمان (پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی)
- شہزادہ نعیم بابر (ادارہ نصابیات و مرکز توسیع تعلیم، کوئٹہ)
- شبانہ شاہین (نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ، خیبر پختونخوا)
- عبدالعزیز (محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان)
- ڈاکٹر شاہ عبد الرؤف (پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی)
- حافظہ طاہرہ بلقیس (HED)
- شائستہ خاتون (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
- عظمیٰ حمید (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
- ڈاکٹر سلمان شاہد (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
- ایمن شریف (وفاقی تعلیمی ادارہ جات، کینٹ اینڈ گیریژن، راولپنڈی کینٹ)
- حفظ الرحمان عثمانی (HED)
- حافظ خالد محمود (SED)

نگران طباعت: ڈاکٹر شاہ عبد الرؤف سینئر ماہر مضمون / ڈپٹی ڈائریکٹر، پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی

ڈائریکٹر (کریکولم اینڈ کمپلائنس): عامر ریاض

ڈپٹی ڈائریکٹر (کمپلائنس ہیومینیٹیز): مہر صفدر ولید

انچارج آرٹ سیل: محترمہ عائشہ صادق

ڈیزائنرز: بشارت احمد، شہباز جبّار، حافظ انعام الحق

کمپوزر: جنید احمد


Web version of PECTAA textbook Not for sale

باب اوّل

# قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

## (الف) حفظِ قرآن مجید

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سورۃ الکوثر اور سورۃ الاخلاص درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### سُوۡرَۃُ الۡکَوۡثَرِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾

اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿٪۳﴾



NOT FOR SALE-PESRP

# سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ۬ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿٣﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ ﴿٤﴾

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سورۃ الاخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔ (سنن ابوداؤد، حدیث: 1461)

**سرگرمی برائے طلبہ**

- جو سورتیں آپ نے سکول میں پڑھی ہیں انھیں گھر میں سنائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**برائے اساتذہ کرام**

- مشہور قراء کی آواز میں طلبہ کو قرآن مجید سنایا جائے۔
- سبق میں دی گئی سورتوں کی درست تلفّظ کے ساتھ مشق کروائیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

# (ب) حفظ و ترجمہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- کلمہ طیّبہ مع مفہوم یاد کر سکیں۔
- روز مرّہ زندگی میں پڑھے جانے والے کلمات مع ترجمہ یاد کر کے ان پر عمل کر سکیں۔

## کلمہ طیّبہ

**لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ**

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (حضرت) محمد (خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) اللہ کے رسول ہیں۔

## اچّھے کلمات

اچھی چیز دیکھیں تو کہیں

**مَا شَآءَ اللّٰهُ**

ترجمہ: جو اللہ نے چاہا

کوئی کام کرنا چاہیں تو کہیں

**اِنْ شَآءَ اللّٰهُ**

ترجمہ: اگر اللہ نے چاہا

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو بتائیں کہ مَا شَآءَ اللّٰهُ اور اِنْ شَآءَ اللّٰهُ کن کن مواقع پر بولا جاتا ہے۔
- مختلف جملے بولیں جن کے جواب میں طلبہ لفظ مَا شَآءَ اللّٰهُ یا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ کہیں، جیسے: ہم سچ بولیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ پھول خوب صورت ہے۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ۔



NOT FOR SALE-PESRP

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# سرگرمیاں

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کلمہ طیّبہ میں رنگ بھریں اور یاد کریں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

کلمات میں رنگ بھریں۔

# مَا شَآءَ اللّٰهُ

# اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

اساتذہ کرام کی مدد سے درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| میں نماز پڑھوں گا۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| ہم سیر کرنے جائیں گے۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| میں ہمیشہ صاف ستھرا رہوں گا۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| ہمارا ملک پاکستان بہت پیارا ملک ہے۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| میرے دادا اَبُّو بہت اَچّھے ہیں۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| میں روزانہ سکول جاؤں گا۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| آپ کو اللہ تعالیٰ نے خوب صورت بنایا ہے۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |
| میں قرآن مجید کی روزانہ تلاوت کروں گا۔ | مَا شَآءَاللّٰہُ | اِنْ شَآءَاللّٰہُ |

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# (ج) حدیثِ نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ایک مختصر صحیح حدیث سمجھ سکیں۔
- اپنی زندگی میں اس حدیث مبارک کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:**

## اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ

پاکیزگی نصف ایمان ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 534)

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

اللہ تعالیٰ کے کلام کو قرآنِ مجید اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے فرمان کو حدیث کہتے ہیں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو طہارت اور پاکیزگی کی اہمیت بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# (د) دُعائیں (زبانی)

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- علم میں اضافے کی دعا یاد کر کے روزمرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

## علم میں اضافے کی دعا:

# رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

اے میرے ربّ! مجھے علم میں اور ترقّی عطا فرما۔ (سورۃ طٰہٰ، آیت: 114)

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**یاد رکھیے!**

علم نُور ہے۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ عربی یاد کریں تو افضل ہے مگر مفہوم یاد کرنا ضروری ہے۔
- طلبہ کو علم کی اہمیت سے آگاہ کریں۔



NOT FOR SALE-PESRP

باب دوم

# ایمانیات و عبادات

## (الف) ایمانیات

### (1) توحید کا تعارف

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان رکھیں اور یہ سمجھ سکیں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات کے خالق ہیں۔
- یہ بات جان اور سمجھ لیں کہ دنیا کی تمام چیزوں بشمول انسان کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں۔
- اللہ تعالیٰ کی مختلف مخلوقات کے نام بتا سکیں مثلاً چاند، ستارے، سورج، درخت، جانور، پرندے وغیرہ۔
- یہ سمجھ لیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# اَللّٰہ

اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے کہنا چاہیے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

**اللہ تعالیٰ نے فرمایا:**

## قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾

(اے نبی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) آپ فرما دیجیے وہ اللہ ایک (ہی) ہے۔ (سورۃ الاخلاص، آیت: 1)



NOT FOR SALE-PESRP

اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔

سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں۔

زمین، سورج، چاند، ستارے، درخت، جانور اور پرندے سب اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔

ہمیں ہاتھ پاؤں، آنکھیں، ناک، کان اور زبان اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ہیں۔

تمام نعمتوں پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

**مزید جانیے!**

نبی کریم (خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ) کی ذات اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

اللہ تعالیٰ | ایک | شکر

(ا) اللہ تعالیٰ ________________ ہے۔

(ب) ہمیں اللہ تعالیٰ کا ________________ ادا کرنا چاہیے۔

(ج) سب چیزیں ________________ نے بنائی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

## 2 درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

---

(ب) اللہ تعالیٰ نے کون کون سی چیزیں بنائی ہیں؟

---

## سرگرمیاں برائے طلبہ

درج ذیل میں سے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی گئی چیزوں اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں کی بنائی گئی چیزوں کے سامنے درست کالم میں (✓) لگائیے۔

| چیزیں | اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں | اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں نے بنائیں |
|---|---|---|
| پانی | | |
| گھر | | |
| کتاب | | |
| درخت | | |
| گاڑیاں | | |
| کھلونے | | |
| سورج | | |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

- مختلف خوب صورت چارٹ بنائیں جن میں زمین، سورج اور درخت دکھائے گئے ہوں۔
عنوان دیں:

”یہ سب اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔“

- اُستادِ محترم کی مدد سے پھولوں میں اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام تحریر کریں۔



Web version of PECTAA textbook
Not for sale


NOT FOR SALE-PESRP

# (2) نبوّت ورِسالت

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیھم السّلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

انبیائے کرام علیھم السّلام اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے خاص بندے ہیں۔

انبیائے کرام علیھم السّلام نے ایک اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔

وہ لوگوں کو اچھّے کام کرنے کا حکم دیتے تھے اور بُرے کاموں سے منع فرماتے تھے۔

ہم تمام انبیائے کرام علیھم السّلام پر ایمان رکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السّلام ہیں اور آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہیں۔

ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت جبریل علیہ السّلام تمام انبیائے کرام علیھم السّلام تک اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچاتے تھے۔

**یاد رکھیے!**

مشہور انبیائے کرام علیھم السّلام:

- حضرت نوح علیہ السّلام
- حضرت ابراہیم علیہ السّلام
- حضرت موسیٰ علیہ السّلام
- حضرت عیسیٰ علیہ السّلام
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

خاص | حضرت آدم علیہ السّلام | ایمان

(ا) اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی کا نام ______________ ہے۔

(ب) ہم تمام انبیائے کرام علیہم السّلام پر ______________ لاتے ہیں۔

(ج) انبیائے کرام علیہم السّلام اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے ______________ بندے ہیں۔

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نام بتائیں۔

______________________________

(ب) انبیائے کرام علیہم السّلام نے لوگوں کو کس بات کا حکم دیا؟

______________________________

______________________________

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

**3** مشہور نبیوں کے نام لکھیں۔

## حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

________________

________________

________________

________________

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اساتذہ کرام کی مدد سے چار مشہور انبیائے کرام علیہم السّلام کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- انبیائے کرام علیہم السّلام کے قصے اپنے بڑوں سے سنیں اور اپنے دوستوں کو سنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- انبیائے کرام علیہم السّلام کے قصّے بچوں کو سنائیں۔
- طلبہ کو آگاہ کریں کہ نبی کریم آخری نبی اور رسول ہیں، آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔
- طلبہ سے گُفت گُو کرتے ہوئے ان پر واضح کریں کہ کن کن اچھے کاموں کا انبیائے کرام علیہم السّلام نے لوگوں کو حکم دیا۔



NOT FOR SALE-PESRP

# (ب) عبادات

## (1) مسجد

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس بات کو سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے کہ:

- مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔

**مزید جانیے!**

زمین پر مسجدِ حرام، مسجدِ نبوی اور مسجدِ اقصیٰ بہت فضیلت والی مسجدیں ہیں۔

مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔

یہاں مسلمان دن میں پانچ بار نماز پڑھتے ہیں۔ مسجد میں قرآن مجید کی تلاوت بھی کی جاتی ہے۔

مسجد میں نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ زیادہ خوش ہوتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



**یاد رکھیے!**

زمین پر سب سے پہلے بیت اللہ (خانہ کعبہ) تعمیر کیا گیا۔



NOT FOR SALE-PESRP



مسجد کو ہمیشہ پاک صاف رکھنا چاہیے۔

ہمیں مسجد کے آداب کا خیال رکھنا چاہیے۔

**مزید جانیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جو مسجد بنائی اسے مسجدِ نبوی کہتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

نماز — خوش — گھر

(ا) مسجد اللہ تعالیٰ کا ________________ ہے۔

(ب) مسلمان مسجد میں ________________ پڑھتے ہیں۔

(ج) مسجد میں نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ زیادہ ________________ ہوتا ہے۔



NOT FOR SALE-PESRP

## 2 درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) مسلمان مسجد میں کیوں جاتے ہیں؟

---

(ب) مسلمان دن میں کتنی نمازیں پڑھتے ہیں؟

---

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- گھر کے کسی بڑے کے ساتھ اپنے محلے کی مسجد میں جائیں اور اس کے بارے میں اپنے دوست کو بتائیں۔
- رنگ بھریں۔

خانہ کعبہ

اللہ کا گھر

مسجد

نماز

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کی رہنمائی کریں کہ ہمیں مسجد کو پاک صاف رکھنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجد میں خاموش رہنا کیوں ضروری ہے۔
- طلبہ کو مسجد کے آداب بتائیں۔

Web version of PEC FAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# (2) اذان

**حاصلاتِ تَعَلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ یہ جاننے کے قابل ہو جائیں گے کہ:

- اذان نماز کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بُلانے یا پُکارنے کا نام ہے۔

نماز کے لیے پُکارنے کو اذان کہتے ہیں۔

نماز سے پہلے اذان دی جاتی ہے۔

اذان سُن کر لوگ نماز کے لیے مسجد آتے ہیں۔

اذان بلند آواز سے دی جاتی ہے۔

اذان دینے والے کو مؤذِّن کہتے ہیں۔

اذان کے وقت خاموش رہنا چاہیے۔

**یاد رکھیے!**

حضرت بلال رضی اللہ عنہ اسلام کے پہلے موذّن ہیں۔

**فرمانِ مُصطفٰی خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ**

اذان سن کر وہی الفاظ بولنے چاہییں جو اذان دینے والا کہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 385)

**مزید جانیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی مسجد میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیا کرتے تھے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| تلاوت | اذان | تسمیہ |
| نماز | روزہ | حج |
| آہستہ | بلند | بہت آہستہ |

(ا) نماز کے لیے پکارنے کو ____________ کہتے ہیں۔

(ب) اذان سن کر لوگ ____________ کے لیے مسجد آتے ہیں۔

(ج) اذان ____________ آواز میں دینی چاہیے۔

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) اذان دینے والے کو کیا کہتے ہیں؟

____________________

(ب) اذان کے وقت کیا کرنا چاہیے؟

____________________

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کلمات میں رنگ بھریں۔

حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

- مسجد میں دی جانے والی اذان خاموشی سے سُنیے اور وہی الفاظ دُہرائیے۔

برائے اساتذہ کرام

- فتحِ مکہ کے موقع پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بیت اللہ کی چھت پر چڑھ کر اذان کہنے کا واقعہ طلبہ کو سنائیں۔
- حَيَّ عَلَى الصَّلَاة ایک چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

Web version of PECTAA textbook - Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# (3) نماز

**حاصلاتِ تعلُّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ یہ بات جاننے کے قابل ہو جائیں گے کہ:

- نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔
- نماز ادا کرنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔
- پنجگانہ نماز کے نام کیا ہیں۔

- اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔
- عبادت کا سب سے بہترین طریقہ نماز ہے۔
- نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔
- نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔
- نماز پڑھنے سے پہلے وُضو کرنا ضروری ہے۔
- وُضو کرنے سے ہم پاک صاف ہو جاتے ہیں۔
- ایک مسلمان پر دِن میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔

**فرمانِ مُصطفیٰ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم**

جو شخص پانچ نمازیں پڑھتا ہے اسے پچاس نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث:411)

**فرمانِ مُصطفیٰ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم**

نماز دین کا ستون ہے۔ (جامع ترمذی، حدیث:2616)

**فرمانِ مُصطفیٰ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم**

میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھ دی گئی ہے۔ (سُنن نسائی، حدیث:3391)

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی اُمّت کے لوگ وُضو کے نشانات کی وجہ سے قیامت کے دن سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والوں کی شکل میں بُلائے جائیں گے۔ (صحیح بخاری، حدیث:136)

**مزید جانیے!**

مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے زیادہ ثواب ملتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

پانچ نمازوں کے نام یہ ہیں:

فجر ظہر عصر

مغرب عشاء

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

پانچ نماز وُضو

(ا) عبادت کا سب سے بہترین طریقہ ________________ ہے۔

(ب) نماز پڑھنے سے پہلے ہم ________________ کرتے ہیں۔

(ج) ایک مسلمان پر دِن میں ________________ نمازیں فرض ہیں۔

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس لیے پیدا کیا ہے؟

________________________________________

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

(ب) نماز سے پہلے وُضو کرنا کیوں ضروری ہے؟

---

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- پانچ نمازوں کے نام تلاش کریں اور ان میں مختلف رنگ بھریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | ر | غ | م | ع | ف |
| ر | ج | ف | ع | ش | ظ |
| ک | م | ل | ص | ا | ہ |
| ر | د | ج | ر | ء | ر |

- پانچ نمازوں کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو واقعۂ معراج سنا کر نماز کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- طلبہ سے گُفت گُو کیجیے اور انھیں بتایئے کہ نماز ادا کرنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

باب سوم

# سیرتِ طیّبہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

## (1) ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ولادتِ مبارکہ کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے گھرانے سے متعلق آگاہ ہو سکیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ 12 ربیع الاوّل بمطابق 22 اپریل 571ء کو مکّہ مکرّمہ میں پیدا ہوئے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے والد ماجد کا نام حضرت عبد اللہ اور والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہ ہے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے والد ماجد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پیدا ہونے سے پہلے وفات پا گئے۔

جب آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پیدا ہوئے تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا حضرت عبد المطلب بہت خوش ہوئے۔ والدہ ماجدہ نے آپ کا نام احمد (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) جبکہ دادا نے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام محمد (خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) رکھا۔

**یاد رکھیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا تعلق ہاشمی خاندان سے تھا۔

جب آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی عمر چھے سال ہوئی تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی والدہ محترمہ بھی وفات پا گئیں۔ والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا نے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی پرورش کی۔

حضرت عبد المطلب آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے بہت پیار کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو اپنے قریب رکھتے تھے۔ جب آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ آٹھ سال کی عمر میں پہنچے تو آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا جان بھی وفات پا گئے۔



NOT FOR SALE-PESRP

دادا کی وفات کے بعد آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا حضرت ابو طالب نے کی۔ حضرت ابو طالب آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بے حد پیار کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا اپنے بیٹوں سے بڑھ کر خیال رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جوان ہو گئے۔ پچیس سال کی عمر میں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نکاح حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے ہوا۔

**مزید جانیے!**

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی بچپن میں پرورش کی۔

چالیس سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر وحی نازل فرمائی اور آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اعلانِ نبوّت فرمایا۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

چھے — حضرت آمنہ — حضرت عبداللہ — چالیس — پیار

ا۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے والدِ ماجد کا نام ________ ہے۔

ب۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ ماجدہ کا نام ________ ہے۔

ج۔ جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر ________ سال ہوئی تو والدہ محترمہ بھی وفات پا گئیں۔

د۔ حضرت ابو طالب آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بے حد ________ کیا کرتے تھے۔

ہ۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر ________ سال کی عمر میں وحی نازل فرمائی۔

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(الف) ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کہاں پیدا ہوئے؟

________________________________________



NOT FOR SALE-PESRP

(ب) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ ماجدہ نے آپ کا نام کیا رکھا؟

______________________________

(ج) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا نام کیا رکھا؟

______________________________

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- رنگ بھریں۔

حضرت



رَّسُوۡلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی
اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کے افراد کے نام لکھیں۔




Web version of PECTAA textbook Not for sale

برائے اساتذہ کرام

- کسی مستند سیرت کی کتاب میں سے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیدائش کے واقعات آسان الفاظ میں طلبہ کو سنائیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کا معلوماتی چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کروائیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

# (2) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اَخلاقِ حسنہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے صادق اور امین ہونے کے بارے میں جان سکیں۔
- سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

ایک مرتبہ ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ صفا کی پہاڑی پر تشریف لے گئے اور مکّہ مکرّمہ والوں کو آواز دی۔ سب لوگ جلدی جلدی آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس جمع ہو گئے۔

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے لوگوں سے پوچھا: تم لوگوں نے مجھے کیسا پایا ہے؟

سب بولے: آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ صادق اور امین ہیں۔

تب آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اے لوگو کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو تم فلاح پا جاؤ گے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیشہ امانتوں کا خیال رکھا۔ کافر بھی اپنی چیزیں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے دوسروں کو بھی سچائی اور امانت داری سکھائی۔

**مزید جانیے!**

صادق کا مطلب ہے: ہمیشہ سچ بولنے والا اور امین کا مطلب ہے: دوسروں کی چیزوں کو باحفاظت رکھنے والا۔

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

- سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے۔ (صحیح بخاری، حدیث: 6094)
- جس میں امانت نہیں وہ (سچّا) مومن نہیں۔ (مُسندِ احمد، حدیث: 5140)

**یاد رکھیے!**

سچ بولنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

ہمیں چاہیے کہ ہم بھی اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کی سُنّت پر عمل کرتے ہوئے ہمیشہ سچ بولیں اور دوسروں کی امانت کا خیال رکھیں۔

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

نیکی | چیزیں | امانتوں | سچ

ا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم ہمیشہ ________ بولتے تھے۔

ب۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے ہمیشہ ________ کا خیال رکھا۔

ج۔ کافر بھی اپنی ________ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔

د۔ سچ ________ کی طرف لے جاتا ہے۔

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) صادق اور امین کا کیا مطلب ہے؟

______________________________

(ب) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّم نے مکہ مکرمہ کے لوگوں سے کون سی پہاڑی پر خطاب فرمایا؟

______________________________

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنا جائزہ لیجیے اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| کیا میں سچ بولتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں دوسروں کی چیزوں کا خیال رکھتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا مجھے سچ بولنے سے خوشی ہوتی ہے؟ | ہاں | نہیں |
| اگر کوئی بچہ مجھے کوئی چیز دے تو اسی طرح واپس کر دیتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں دوسروں کی چیزیں اجازت لے کر استعمال کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں بڑوں کی عزّت کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں گھر میں داخل ہونے سے پہلے گھر والوں کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |

- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سچّائی کا کوئی ایک واقعہ اپنے دوستوں کو سنائیے۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو سیرتِ طیّبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے سچائی اور امانت داری سے متعلق مزید واقعات سنائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# اَخلاق و آداب

## (1) اَچھّے اَخلاق

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآن وسُنّت کی روشنی میں اچھے اَخلاق کے متعلق جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اَچھّے اَخلاق کو اپنا سکیں۔

ایک مرتبہ ایک شخص کمبل لپیٹے ہوئے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ! جب میں نے آپ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو دیکھا تو آپ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ میں نے راستے میں درختوں کا ایک جُھنڈ دیکھا اور وہاں چڑیا کے بچّوں کی آواز سُنی تو میں نے انھیں پکڑ کر اپنے کمبل میں رکھ لیا۔ اتنے میں بچّوں کی ماں آ گئی اور وہ میرے سر پر منڈلانے لگی، میں نے اسے بھی اپنے کمبل میں لپیٹ لیا اور اب وہ سب میرے ساتھ ہیں۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا انھیں چھوڑ دو، تو میں نے انھیں چھوڑ دیا، مگر اُن کی ماں نے (اُڑ جانے سے) انکار کیا اور بچّوں کے ساتھ بیٹھی رہی۔ تب رسول اللہ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے فرمایا: کیا تم اس چڑیا کی اپنے بچّوں کے ساتھ محبّت کرنے پر تعجب کرتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم نے کہا: جی ہاں، اللہ کے رسول خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ!

آپ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"قسم ہے اُس ذات کی جس نے مجھے سچا رسول بنا کر بھیجا ہے، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے اس سے کہیں زیادہ محبّت رکھتا ہے جتنی یہ چڑیا اپنے بچّوں سے رکھتی ہے۔ تم انھیں ان کی ماں کے ساتھ لے جاؤ اور وہیں چھوڑ آؤ جہاں سے انھیں لائے ہو۔ تو وہ شخص انھیں واپس چھوڑ آیا۔" (سنن ابو داؤد، حدیث: 3089)

آپ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں سے بھی اچھا سلوک کیا کرتے تھے۔

ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں اچھی اچّھی باتیں سکھائیں۔

**مزید جانیے!**

بہت سارے کافر ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اَچھّے اَخلاق کی وجہ سے مسلمان ہو گئے تھے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں سکھایا ہے کہ ہم:

- اپنے اَمّی اَبّو کی بات مانیں۔
- بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ مل جل کر رہیں۔
- دوستوں کو اَچھّے نام سے پکاریں۔
- وقت کی پابندی کریں۔
- اپنی باری کا انتظار کریں۔
- بڑوں کا ادب کریں۔
- چھوٹوں سے پیار کریں۔
- دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کریں۔

**فرمانِ الٰہی ......**

وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ ④

اور یقیناً آپ اَخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر ہیں۔ (سورۃ القلم، آیت: 04)

**فرمانِ مُصطفٰی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

تم میں سے اَچھّا وہ ہے جس کے اَخلاق اَچھّے ہیں۔

(سُنن ترمذی، حدیث: 1162)

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

اجازت | ادب | اَچھّے | پابندی

(ا) دوستوں کو ________________ نام سے پکاریں۔

(ب) بڑوں کا ________________ کریں۔

(ج) وقت کی ____________ کریں۔

(د) کسی کی چیز ________________ لے کر استعمال کریں۔

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) ہمیں بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ کیسے رہنا چاہیے؟

______________________________________________



NOT FOR SALE-PESRP

(ب) اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو کس لیے بھیجا؟

---

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے متعلق بتائیں:

اگر کام کرتے ہیں تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ والے خانے میں (✓) لگائیں۔ اگر نہیں کرتے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہُ والے خانے میں (✓) لگائیں۔

| کام | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ | اِنْ شَآءَ اللّٰہُ |
|---|---|---|
| اپنے امّی ابّو کی بات مانتے ہیں/ مانیں گے۔ | | |
| اپنے دانتوں کی روزانہ صفائی کرتے ہیں/ کریں گے۔ | | |
| صبح جلدی اٹھتے ہیں/ اٹھیں گے۔ | | |
| صاف ستھرا رہتے ہیں/ رہیں گے۔ | | |
| دوسروں کو سلام کرنے میں پہل کرتے ہیں/ کریں گے۔ | | |

- چڑیا اور اس کے بچوں کا واقعہ اپنے بہن بھائیوں کو سنائیے۔

پھولوں میں اپنی اچھی عادات لکھیں۔

سلام کرنا

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کے ساتھ مل کر کمرا جماعت کا ضابطہ اخلاق بنائیے اور اسے کسی نمایاں جگہ پر آویزاں کیجیے۔
- طلبہ کو اَخلاقِ حسنہ کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

# (2) سلام کرنا

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان سکیں کہ ایک دوسرے کو سلام کرنا سنّتِ رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہے۔
- سلام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- سلام کرنے کا طریقہ اور آداب سیکھ سکیں۔
- روزمرّہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔

ایک شخص حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پاس آیا اور اُس نے **اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ** ! کہا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اُسے سلام کا جواب دیا پھر وہ بیٹھ گیا تو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**اس کو دس نیکیاں ملیں۔**

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کے پیارے ناموں میں سے ایک نام "اَلسَّلَامُ" (سلامتی والا) بھی ہے۔

پھر ایک اور شخص آیا اور اس نے **اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ!** کہا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اُسے جواب دیا پھر وہ شخص بھی بیٹھ گیا، آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**اس کو بیس نیکیاں ملیں۔**

پھر ایک اور شخص آیا اس نے **اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ!** کہا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اُسے بھی جواب دیا پھر وہ بھی بیٹھ گیا، آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

**اسے تیس نیکیاں ملیں۔** (سنن ابو داؤد، حدیث: 5195)

سلام کرنا ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سنّت ہے۔

آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے سلام کرنے اور اُس کا جواب دینے کا حکم فرمایا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

# اَفۡشُوا السَّلَامَ

سلام کو عام کرو۔

(سنن ترمذی، حدیث: 1854)

**یاد رکھیے!**

اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ کا مطلب ہے:

"تم پر سلامتی ہو۔"

**یاد رکھیے!**

وَعَلَیۡکُمُ السَّلَامُ کا مطلب ہے:

"اور تم پر بھی سلامتی ہو۔"

**مزید جانیے!**

سلام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایک دوسرے کو سلام کیا کرتے تھے۔

**مزید جانیے!**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ بچوں کو بھی سلام کیا کرتے تھے۔

## سلام کرنے کے آداب

- ہمیشہ سلام کرنے میں پہل کریں۔
- چھوٹا بڑے کو پہلے سلام کرے۔



NOT FOR SALE-PESRP

- سواری پر بیٹھا ہوا شخص پیدل چلنے والے شخص کو پہلے سلام کرے۔
- اگر کوئی سلام کرے تو اس کا مکمل جواب دیں۔
- گھر سے نکلتے ہوئے اور گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کریں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے سلام میں پہل کریں۔

## مشق

**1** کالم ملائیں۔

| | |
|---|---|
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ | 20 نیکیاں |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ | 30 نیکیاں |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ | 10 نیکیاں |

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے سلام کرنے کے بارے میں کیا حکم دیا ہے؟

_______________________________________________

(ب) سلام کرنے کے دو آداب لکھیے۔

_______________________________________________

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- رنگ بھریں۔




### اپنے بارے میں بتائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| کیا میں دوسروں کو پہلے سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا گھر سے نکلتے ہوئے گھر والوں کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں راستے میں ملنے والے دوستوں کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہوئے سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا میں اپنے اساتذہ کرام کو سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کرتا ہوں؟ | ہاں | نہیں |

- ایک دوسرے کو سلام کرنے کے فائدے بتائیے۔

**برائے اساتذہ کرام**

- سلام کے آداب کے عنوان سے ایک چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کیجیے۔
- طلبہ کو سلام کرنے اور اس کا جواب دینے کا عملی مظاہرہ کمرا جماعت میں کروائیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

باب پنجم

# ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام

## انبیائے کرام علیھم السّلام کا تعارف

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ جان سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام علیھم السّلام کو انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- انبیائے کرام علیھم السّلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔
- انبیائے کرام علیھم السّلام کی صفات کے متعلق مختصر جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السّلام اور آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے ہر زمانے میں انبیائے کرام علیھم السّلام کو بھیجا۔ انبیائے کرام علیھم السّلام نے لوگوں کو بتایا کہ وہ صرف ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ وہ لوگوں کو بتاتے کہ نیک کام کرنے والوں کو جنّت ملے گی۔ وہ لوگوں کو نیکی کے کام کرنے کا حکم دیتے اور برائی سے منع فرماتے تھے۔

دنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار کے قریب انبیائے کرام علیھم السّلام تشریف لائے۔ سب سے پہلے انسان اور نبی حضرت آدم علیہ السّلام ہیں۔ سب سے آخر میں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تشریف لائے۔

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت سلیمان علیہ السّلام پرندوں سے بھی بات کرتے تھے۔

انبیائے کرام علیھم السّلام لوگوں میں سب سے زیادہ نیک اور پرہیز گار تھے۔ وہ لوگوں کی مدد کرتے، ہمیشہ سچ بولتے، دوسروں کی امانتوں کا خیال رکھتے اور سب سے

**یاد رکھیے!**

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں سب نبیوں نے بتایا تھا کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ آخری نبی اور رسول بن کر دنیا میں تشریف لائیں گے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP

اَچھّا سلوک کرتے تھے۔

**مزید جانیے!**

حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا لقب کلیم اللہ (اللہ سے کلام کرنے والا) ہے۔

## مشق

**1** درست لفظ کا انتخاب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

جنّت | نیکی | نیک

ا۔ انبیائے کرام علیہم السّلام لوگوں کو ________ کے کام کرنے کا حکم دیتے۔

ب۔ نیک کام کرنے والوں کو ________ ملے گی۔

ج۔ انبیائے کرام علیہم السّلام لوگوں میں سب سے زیادہ ________ تھے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**2** درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(ا) اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام علیہم السّلام کو کیوں بھیجا؟

________________________________

(ب) انبیائے کرام علیہم السّلام کی تعداد کتنی ہے؟

________________________________



NOT FOR SALE-PESRP

## سرگرمیاں برائے طلبہ

انبیائے کرام علیہم السّلام کی خوبیاں تحریر کریں۔

- رنگ بھریں۔

عَلَيهِمُ السَّلَام

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

برائے اساتذہ کرام

- سیرت انبیاء کرام علیہم السّلام کے مختلف واقعات طلبہ کو دل چسپ انداز میں سنائیے۔



NOT FOR SALE-PESRP

# فرہنگ

| | |
|---|---|
| نصف | آدھا |
| خاص بندے | چنے ہوئے لوگ |
| ایمان لانا | دل وجان سے ماننا |
| خاتم | ختم کرنے والا |
| النَّبِیّٖن | نبی کی جمع یعنی انبیاء |
| قیامت کا دِن | آخرت کا دِن |
| فضیلت | برتری |
| عبادت | بندگی |
| نبی | خبر دینے والا |
| اَخلاقِ حَسَنَہ | اَچھّی عادتیں |
| فلاح | کامیابی |
| اعضاء | ہاتھ، پاؤں، چہرہ وغیرہ |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



NOT FOR SALE-PESRP